عبد الخبیر حفظہ اللہ تعالیٰ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۱۲۔۸۔۱۴۲۹ھ

اندراج [illegible] نمبر [illegible]

۱۵ / ۸ / ۱۴۲۹

۸۶ ے

کیا فرماتے ہیں علماء کرام و مفتیان عظام درج ذیل مسائل کے بارے میں:

۱ــــ کیا میسج کتابت کے حکم میں ہے؟ کیا تمام احکامات میں کتابت کے حکم میں ہے؟ مثلاً اگر کوئی شخص میسج لکھتا ہے اپنی بیوی کو کہ میں نے تجھے طلاق دی تو اس صورت میں طلاق ہوگی یا نہیں۔ اور اگر طلاق کے الفاظ لکھ کر پھر مٹا دے بھیجنے سے پہلے تو کیا طلاق ہوگی؟

۲ــــ اگر کوئی شخص کسی اجنبیہ کو میسج لکھے کہ میں نے تجھ سے نکاح کیا، عورت بھی نکاح قبول کر لیتی ہے تو اس سے نکاح ہو جاتا ہے یا نہیں؟

۳ــــ کیا میسج میں نذر کے الفاظ لکھنے سے نذر منعقد ہوگی یا نہیں؟

اسکا جواب ضرور بضرور عنایت فرمائیں ہم اس کے بارے میں بہت پریشان ہیں، امید ہے کہ جواب ضرور عنایت فرمائیں گے۔

السائل:

ارشد مدنی

Scanned by CamScanner

الجواب حامداً ومصلیاً

اپنی طرف سے لکھا جانے والا میسج شرعاً کتابت کے حکم میں ہے، لہذا جس مسئلہ میں شرعاً کتابت کا اعتبار ہوگا، وہاں میسج کے ذریعہ لکھی گئی کتابت بھی معتبر ہوگی اور چونکہ طلاق کے معاملہ میں کتابت کا اعتبار ہے لہذا اگر کوئی شخص خود اپنی بیوی کو میسج لکھ کر بھیجتا ہے کہ "میں نے تجھے طلاق دی" تو ایسی صورت میں اسکی بیوی پر طلاق واقع ہو جائیگی، البتہ میسج میں بیوی کو طلاق لکھنے کے بعد اگر طلاق کے الفاظ مٹادے تو اسمیں یہ تفصیل ہے کہ اگر میسج میں باقاعدہ بیوی کا نام لکھا پھر اسکو طلاق لکھی لیکن بعد میں طلاق کا لفظ مٹادیا تو ایسی صورت میں طلاق لکھتے ہی طلاق واقع ہو جائیگی، نیز وہ اپنی بیوی کو طلاق دینے کی نیت سے میسج میں صرف یہ لکھے کہ "میں نے تجھے طلاق دی" پھر لفظ طلاق مٹادے تو بھی طلاق واقع ہو جائیگی۔

لما فی شرح المجلۃ للأتاسی:

الکتاب کالخطاب أی العبارات الکتابیۃ کالمخاطبات الشفاھیۃ، فما یترتب علی المکالمۃ الشفاھیۃ یترتب علی المکالمۃ الکتابیۃ، فالقلم أحد اللسانین والکتابۃ ممن نأی بمنزلۃ الخطاب ممن دنا، ألا تری أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان مأموراً بتبلیغ الرسالۃ إلی الناس کافۃ، وبلغھم مرۃ بالکتاب ومرۃ بالخطاب والقرآن علی أصل الدین وقد وصل إلینا بالکتاب بعد أن ثبت بالحجۃ، والکتابۃ معمول بھا علی ما سنبین من الشروط، سواء کانت من الجانبین کما لو کان رجل فی بغداد فکتب إلی آخر فی دمشق بعتك

(بقیہ ورق کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں)

Scanned by CamScanner

داري الكائنة في دمشق التي هي في محل كذا والمحدودة
بكذا والمرقومة بنمرة كذا بمبلغ كذا، فكتب إليه الآخر
اشتريت منك الدار المذكورة، ينعقد بينهما كالمشافهة
ومن جانب واحد فيما لو قال المكتوب إليه في دمشق حال
قراءة الكتاب في المجلس:...... وأما شروط الكتابة
المعمول بها، ففي الزيلعي: الكتاب على ثلاث مراتب:
مستبين مرسوم، وهو أن يكون معنونا أي مصدرًا
بالعنوان وهو أن يكتب في صدره من فلان إلى فلان على
ما جرت به العادة في تسيير الكتاب فيكون هذا كالنطق
فيلزم حجة، ومستبين غير مرسوم: كالكتابة على
الجدران وأوراق الأشجار أو على الأوراق لا على وجه الرسم
فإن هذا يكون لغوًا، لأنه لا عرف في إظهار الأمر على هذا
الطريق، فلا يكون حجة إلا بانضمام شئ آخر إليه كالنية
والإشهاد عليه والإملاء على الغير حتى يكتبه، لأن
الكتابة قد تكون للتجربة وقد تكون للتحقيق، وبهذه
الأشياء تتعين الجهة وقيل الإملاء من غير إشهاد لا يكون
حجة والأول أظهر، وغير مستبين: كالكتابة على الهواء
أو الماء وهو بمنزلة كلام غير مسموع ولا يثبت به شئ
من الأحكام وإن نوى.
عُلم من هذا أن الشروط في الكتابة المقبولة التي هي في حكم

جاري...

Scanned by CamScanner

الخطاب أن تكون مستبينة ومعنونة، فلو غير مستبينة أو غير معنونة بأن لم تكن على الرّسم المعتاد فلا يحمل بها إلاّ بالنية أو بالإشهاد عليه أو الإملاء على الغير. كذا في المبسوط للسرخسي (١٤٣/٦) (١٩٠/١، طبع رشيدية)

وكما في الهندية:

الكتابة على نوعين مرسومة وغير مرسومة ونعني بالمرسومة أن يكون مصدرًا ومعنونا مثل ما يكتب إلى الغائب وغير المرسومة أن لا يكون مصدرًا ومعنونا وهو على وجهين مستبينة وغير مستبينة، فالمستبينة ما يكتب على الصحيفة والحائط والأرض على وجه يمكن فهمه وقراءته وغير المستبينة ما يكتب على الهواء والماء وشئ لا يمكن فهمه وقراءته ففي غير المستبينة لا يقع الطّلاق وإن نوى وإن كانت مستبينة لكنها غير مرسومة إن نوى الطّلاق يقع وإلاّ فلا وإن كانت مرسومة يقع الطّلاق نوى أو لم ينو. (٣٧٨/١، أيضًا)

وكما في الولواجية:

ولو كتب إليها: أما بعد: فأنت طالق إن شاء الله تعالى إن كان موصولاً بكتابته لا يطلق وإن كتب الطّلاق ثم فترفترة ثم كتب إن شاء الله تعالى: يقع الطّلاق لأن المكتوب إلى الغائب كالملفوظ. (٤٥/٢، دار الكتب العلمية)

(الفيه ...)

٢۔ اگر کوئی شخص کسی اجنبیہ کو میسیج کے ذریعہ نکاح کا پیغام دے اور وہ اجنبیہ اسکو میسیج ہی کے ذریعہ یا زبانی طور پر قبول کرلے تو اس سے نکاح منعقد نہیں ہوگا، لیکن اگر وہ اجنبیہ عاقل بالغ شرعی گواہوں کی موجودگی میں یہ پیغام پڑھ کر سنائے پھر اُن کے سامنے یہ کہے کہ میں نے قبول کیا اور ہر ایک گواہ نے یہ دونوں باتیں سنی ہوں تو ایسی صورت میں ان کا نکاح منعقد ہوجائیگا۔

لما فی شرح المجلة للأتاسی:

المادة ٦٩ : الكتاب كالخطاب أی العبارات الكتابية كالمخاطبات الشفاهية ..... وعلى هذا سائر التصرفات كالكفالة والوكالة والحوالة والإيجار والهبة والإقرار والنكاح غير أن صحة انعقاد النكاح تتوقف على أن يقرأ المكتوب إليه الكتاب بحضرة من الشهود، قال في الفتح: "وصورته أن يكتب إليها يخطبها فاذا بلغها الكتاب أحضرت الشهود وقرأته عليهم وقالت زوجت نفسي منه" أما لو لم تقل بحضرتهم سوى زوجت من فلان لا ينعقد لأن سماع الشطرين شرط، وبإسماعهم الكتاب والتعبير عنه منها قد سمعوا الشطرين۔ (١٩٠/١)

ولما فی الهندية:

ولو أرسل إليها رسولا أو كتب إليها بذلك كتابا فقبلت بحضرة شاهدين سمعا كلام الرسول وقراءة الكتاب جاز لاتحاد المجلس من حيث المعنى وإن لم يسمعا كلام الرسول

جاری...

Scanned by CamScanner

وقراءة الكتاب لا يجوز عندهما وعند أبي يوسف رحمه الله
يجوز كذا في البدائع، وإذا بلغها الكتاب وقرأته و
لم تزوج نفسها منه في ذلك المجلس وإنما زوجت
نفسها في مجلس آخر بين يدي الشهود وقد سمع
الشهود كلامها وما في الكتاب يجوز النكاح كذا في الخلاصة
ولو قالت أن فلانا كتب إلي يخطبني فاشهدوا أني
قد تزوجت نفسي منه صح النكاح لأن الشهود
سمعوا كلامها بإيجاب العقد وسمعوا كلام الخاطب
بإسماعها إياهم هكذا في الذخيرة، ولو كتب الإيجاب
والقبول لا ينعقد كذا في فتح القدير. (۱/۲۶۹، أيضا)

۳ــــــ زبان سے نذر کے الفاظ ادا کرنے سے بالاتفاق نذر منعقد ہو جاتی ہے،
البتہ اگر نذر کے الفاظ کو زبان سے ادا کئے بغیر صرف لکھ لیا جائے تو اس سے نذر
منعقد ہوگی یا نہیں؟ اس سلسلہ میں فقہی کتابوں میں کوئی صریح عبارت نہیں
مل سکی، البتہ جواب ۲ میں درج شدہ عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ لکھ کر
نذر ماننے کا بھی وہی حکم ہوگا جو زبان سے نذر ماننے کا ہے، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں
اگر کوئی شخص نذر کے الفاظ زبان سے ادا کئے بغیر میسج میں لکھ لے تو اسے بھی
اپنی نذر پوری کرنی چاہیئے۔ (ماخذہٗ تبویب ۲/۲۰۶)

لما في الشامية:

(قوله ولو نذر) شروع فيما يوجبه العبد على
نفسه بعد ذكر ما أوجبه الله تعالىٰ عليه۔ قال في شرح

(بقیہ ورق کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں)

Scanned by CamScanner

الملتقى، والنذر عمل اللسان وشرط صحته أن لا يكون

معصية إلخ (٤٣٢/٣، طبع سعيد)

وكما في أحكام القرآن لابن عربي:

حقيقة النذر، وهو التزام الفعل بالقول مما يكون

طاعة لله عز وجل من الأعمال قربة. (٢٦٨/١، آل عمران

٣٥، دار المعرفة)

وكما في فتح القدير:

(قوله ومن نذر نذرا مطلقا) أو غير معلق بشرط

كأن يقول لله علي صوم شهر أو حجة أو صدقة أو صلاة

ركعتين ونحوه مما هو طاعة مقصودة لنفسها ومن جنسها

واجب (٣٧٤/٤، رشيديه) والله تعالى أعلم بالصواب

محمد عارف عفا الله عنه

دار الإفتاء جامعة دار العلوم كراتشي ١٤

٢٣/ ٧/ ١٤٢٩ھ

جواب صحیح ہے، البتہ نذر کے بارے میں یہ تفصیل معلوم ہوتی ہے کہ اگر نذر کی نیت سے لکھا تو نذر منعقد ہو جائے، اور اگر نذر کی نیت نہیں تھی، تو نذر منعقد نہ ہو۔ تاہم چونکہ کوئی صریح حکم کتابوں میں نہیں ملا، اس لئے دوسرے اہل فتویٰ علماء سے بھی رجوع کر لیا جائے۔ واللہ سبحانہ اعلم

بندہ محمد تقی عثمانی عفی عنہ

١٠-٨-١٤٢٩ھ

الجواب صحیح
[illegible]
٢٩/٧/٢٥ھ

الجواب صحیح
[illegible] عفی عنہ
١٤٢٩-٨-١

الجواب صحیح
[illegible]
١٤٢٩-٨-١١ھ

الجواب صحیح إن شاء اللہ
بالتفصیل الذی ذکرہ الشیخ حفظہ
احقر محمود اشرف غفر اللہ لہ
١٣/٨/١٤٢٩ھ

الجواب صحیح
سید حسین احمد
١٣-٨-١٤٢٩ھ

Scanned by CamScanner